# کنیکٹڈ سوسائٹی

# موبائل انٹرنیٹ سکلز ٹریننگ ٹول کٹ

لوگوں کو موبائل انٹرنیٹ کی بنیادی مہارتوں کی تربیت دینے کے لیے ایک گائیڈ



موبائل انٹرنیٹ اسکلز ٹریننگ ٹول کٹ (ایم آئی ایس ٹی ٹی) © 2021 از GSMA موبائل فار ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن ، انک, CC BY 4.0 کے تحت لائسنس یافتہ ہے

ماڈیول 10 - قابل رسائی خصوصیات

# ماڈیول 10- قابل رسائی خصوصیات

# بائٹ سائز ٹریننگ

# کم یا بغیر بصارت والے لوگوں کے لیے قابل رسائی خصوصیات

## یہ کیا ہے ؟

**وضاحت کریں:**
"کم یا بغیر بصارت والے کچھ لوگوں کو یہ دیکھنا مشکل ہو سکتا ہے کہ اسکرین پر کیا ہے - فون میں ایسی خصوصیات ہیں جو ان کی مدد کر سکتی ہیں - ہمیں ان کی ضروریات سے متعلق متعدد اختیارات دکھانے کی ضرورت ہے - اکثر لوگ خصوصیات کا مجموعہ استعمال کرتے ہیں -"

## آپ اسے کس چیز کے لیے استعمال کر سکتے ہیں ؟

**وضاحت کریں:** "اگر آپ نہیں دیکھ سکتے تو آپ کا موبائل فون آپ کی مدد کر سکتا ہے - ان میں سے تین طریقے یہ ہیں:"

- **میگنیفیکیشن (اسکرین پر چیزوں کو بڑا بنانا):**
"میگنیفیکیشن ایک ایسا فعل ہے جو آپ کے فون پر موجود ہر چیز کو بڑا بناتا ہے - بہت سے لوگ چھوٹی چیزوں کو دیکھنے میں مدد کے لیے میگنیفیکیشن کا استعمال کرتے ہیں - کم بصارت والے لوگوں کے لیے یہ دیکھنا ممکن بناتا ہے کہ اسکرین پر کیا ہے -"

"جمال ہر روز خبریں پڑھنے کے لیے میگنیفیکیشن کا استعمال کرتا ہے ، اگر ٹیکسٹ عام سائز سے 3 گنا بڑا ہو تو اسے بہت سارے ٹیکسٹ کے ساتھ کہانیاں پڑھنا آسان لگتا ہے -"

## وہ چیزیں جس کی آپ کو ضرورت ہوگی

اینڈرائیڈ فون




قابل رسائی خصوصیات پوسٹرز

# بائٹ سائز - قابل رسائی خصوصیات

- **فون کا اونچی آواز میں بولنا:** "'ٹاک بیک' میں آپ سکرین دیکھے بغیر اپنا فون سن سکتے ہیں۔ جب آپ اپنے فون پر کچھ کریں گے تو یہ آپ سے بات کرے گا اور آپ کو بتائے گا کہ کیا ہو رہا ہے ، یہ آپ کو یہ بتانے کے لئے بھی وائبریٹ کرے گا کہ کیا ہو رہا ہے۔"

"عائشہ نے ہمیشہ اپنے فون پر میگنیفیکیشن (اسکرین کو بڑا بنانے) کا استعمال کیا ہے لیکن حال ہی میں پتہ چلا ہے کہ اس سے چند گھنٹوں کے بعد اس کی آنکھوں میں درد شروع ہو جاتا ہے اور جب ایسا ہوتا ہے تو وہ ٹاک بیک استعمال کرتی ہے"

- **رنگوں اور تضادات کو تبدیل کرنا:** "کچھ لوگوں کے لیے رنگوں اور تضادات کو دیکھنا مشکل ہے جس کی وجہ سے اسکرین پر کیا ہے اسے پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ آپ فون پر رنگ دیکھنے کے انداز کو تبدیل کرسکتے ہیں تاکہ اسے استعمال کرنا آسان ہو سکے۔"

"رابعہ واٹس ایپ یا ای میل استعمال کرتے وقت ، جو لکھ رہی ہے اسے آسانی سے پڑھنے کے لیے ہائی کنٹراسٹ ڈسپلے سیٹنگز کا استعمال کرتی ہے۔ جب سب کچھ واضح ہوتا ہے تو وہ کم غلطیاں کرتی ہے"

## یہ کیسے کام کرتا ہے ؟

- ٹرینی سے پوچھیں کہ وہ اپنے فون کے ساتھ کیا کرنا چاہیں گے۔
- ٹرینر چیک کریں کے لیے کہ آیا ٹرینی کے فون میں قابل رسائی خصوصیات سیٹ اپ ہیں۔

# ان لوگوں کے لیے قابل رسائی خصوصیات جو سماعت سے محروم ہیں یا بہرے ہیں ۔

## یہ کیا ہے ؟

**وضاحت کریں:**
"وہ لوگ جن کو سننے میں مشکلات ہوتیں ہیں یا بہرے ہیں وہ بھی کسی اور کی طرح فون استعمال کرسکتے ہیں کیونکہ موبائل فون میں ایسی خصوصیات ہوتی ہیں جو ان کی مدد کر سکتیں ہیں."

## وہ چیزیں جس کی آپ کو ضرورت ہوگی

اینڈرائیڈ فون




قابل رسائی خصوصیات پوسٹرز

## آپ اسے کس چیز کے لیے استعمال کر سکتے ہیں ؟

**وضاحت کریں:** "اگر آپ اسے سن نہیں سکتے تو آپ کا موبائل فون آپ کی مدد کر سکتا ہے ۔ ان میں سے تین طریقے یہ ہیں:"

- **ایمپلیفیکیشن:** "اگر آپ کو یہ سننا مشکل ہو جائے کہ لوگ آپ کے ارد گرد کیا کہہ رہے ہیں ، تو آپ کا اینڈروئیڈ فون مدد کر سکتا ہے ۔ 'ساؤنڈ ایمپلیفائر' نامی ایک چیز ہے جو آپ کے سننے کے لئے آوازیں واضح کرے گا ۔"

"احمد 'ساؤنڈ ایمپلیفائر' استعمال کرتا ہے جب وہ کیفے میں لوگوں سے بات کر رہا ہوتا ہے ، اس سے وہ زیادہ واضح طور پر سن سکتا ہے کہ کون کیا کہہ رہا ہے کیونکہ یہ پس منظر کے شور کو کم کرتا ہے ۔"

# بائٹ سائز - قابل رسائی خصوصیات

- **کیپشنز:** "جب آپ کا فون کوئی ویڈیو یا آڈیو چلا رہا ہو ، تو آپ ’کیپشنز‘ کو آن کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جو کچھ کہا جا رہا ہے اس کی سکرین پر آپ الفاظ دیکھ سکتے ہیں۔ جب لوگوں کو گانا یا ویڈیو سننا مشکل ہو تو یہ بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔"

"مریم ویڈیو کالز میں کیپشن استعمال کرتی ہے۔ اکثر جب الفاظ اس کے لیے سننا مشکل ہو جائیں تو کیپشنز اسے کال پر توجہ دینے میں مدد کرتے ہیں۔"

- **ٹرانسکرپشن:** "'لائیو ٹراناسکرائب' کیپشن کی طرح ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب لوگ بات کر رہے ہوتے ہیں تو آپ اسکرین پر ٹیکسٹ دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ کم سماعت یا سماعت سے محروم لوگوں کے لئے ’لائیو ٹراناسکرائب‘ بہت مفید ثابت ہوسکتا ہے۔"

"شاہد اپنے آلہ سماعت کو اپنے فون سے جوڑتا ہے جو کہ واٹس ایپ کے ذریعے اپنے بھائی اور بہن سے بات کرتے وقت بات کو زیادہ واضح اور سمجھنے میں آسان بناتا ہے"

**اسے ٹرینی سے متعلقہ بنائیں:** اس بات پر بحث کریں کہ یہ خصوصیات ٹرینی کی اپنی زندگی میں کس طرح فائدہ مند ہو سکتی ہیں۔

## یہ کیسے کام کرتا ہے؟

- ٹرینی سے پوچھیں کہ وہ اپنے فون کے ساتھ کیا کرنا چاہیں گے۔
- ٹرینر چیک کریں کے لیے کہ آیا ٹرینی کے فون میں قابل رسائی خصوصیات سیٹ اپ ہیں۔

# پوسٹرز تصاویر (کٹ آؤٹ) اور معلوماتی شیٹس

# رنگ بدلنا اور درست کرنا



# فونٹ سائز تبدیل کرنا



# ڈسپلے کو تبدیل کرنا



# آنکھ کا سکون / 'نائٹ لائٹ' آن کرنا



# کم بصارت والے لوگوں کے لیے میگنیفیکیشن



# عارضی میگنیفیکیشن



# ٹاک بیک سیٹ اپ کریں



# آواز میں بہتری

1




2




3



# سیٹ اپ لائیو ٹرانسکرپشن



# سیٹ اپ کیپشنز



# ساؤونڈ ایمپلیفیکیشن



# معذور صارفین کے ساتھ مواصلت کرنے کے لیے اعلی تجاویز

براہ راست بات کریں بجائے کے کسی ساتھی یا کسی اشارے کی زبان کے مترجم کے ذریعے جو موجود ہو۔

اگر آپ مدد کی پیشکش کرتے ہیں ، تو اس کے قبول ہونے تک انتظار کریں۔ پھر سنیں یا ہدایات طلب کریں۔

بالغوں کے ساتھ بالغوں جیسا سلوک کریں۔ معذور افراد کو ان کے پہلے ناموں سے صرف اس وقت مخاطب کریں جب دوسروں تک بھی اسی واقفیت کو بڑھایا جائے۔

کسی کی وہیل چیئر یا اسکوٹر پر نہ جھکیں اور نہ ہی کسی کے گائیڈ کتے کے ساتھ کھیلیں۔

جن لوگوں کو بولنے میں دقت ہو انہیں غور سے سنیں ، انہیں ختم کرنے کا وقت دیں۔ اگر ضروری ہو تو ، ایسے سوالات پوچھیں جن کے مختصر جوابات درکار ہوں۔

کبھی بھی سمجھنے کا بہانہ نہ کریں؛ اگر آپ غیر واضح ہیں تو اس شخص سے پوچھیں۔

گھبرائیں نہیں! شرمندہ نہ ہوں اگر آپ عام تاثرات استعمال کرتے ہیں جیسے "بعد میں ملیں گے" یا "کیا آپ نے اس کے بارے میں سنا ہے؟" جس کا تعلق کسی شخص کی معذوری سے لگتا ہو۔

# سماعت سے محروم صارفین کے ساتھ تعاون کرنا

بولنے سے پہلے اس شخص کی توجہ حاصل کریں۔ توجہ حاصل کرنے کے بہت سے طریقے ہیں – جیسے بازو پر ہلکا لمس۔ اس شخص سے تجاویز طلب کریں۔

واضح اور معتدل رفتار سے بات کریں۔ اپنی آواز کا حجم بہت زیادہ بڑھانا ، اور چیخنا مددگار نہیں ہے۔

بات کرتے وقت براہ راست اس شخص کو دیکھیں اور اگر ممکن ہو تو اسی آنکھ کی سطح پر رہیں۔

معلومات دیتے وقت ، اس شخص سے پوچھیں کہ کیا وہ سمجھ گئے ہیں، (مثال کے طور پر "کیا اس کی سمجھ آ گئ ہے ؟")۔

چہرے اور جسم کے تاثرات ظاہر کرنے میں آرام محسوس کرنا ، مسکرانا ، اشارہ کرنا وغیرہ سب بات چیت میں مدد کرتے ہیں۔

ہوشیار رہیں کہ آپ کا چہرہ سایہ میں ہو سکتا ہے ، اور آپ کے پیچھے کی روشنی اس شخص کے لیے آپ کے تاثرات دیکھنا مشکل بنا سکتی ہے۔

جہاں ممکن ہو پس منظر کے شور کو کم کریں ، پس منظر کے شور میں آوازیں سننا بہت مشکل ہو سکتیں ہیں۔

اگر ضروری ہو تو اپنی بات چیت کو بڑھانے کے لیے پنسل اور کاغذ کا استعمال کریں۔ شور والے ماحول میں ، مطلوبہ الفاظ لکھنا ان لوگوں کی مدد کر سکتا ہے جن کو سننے میں مشکل پیش آتی ہے۔

جب شک ہو تو ، سماعت سے محروم شخص سے اپنی بات چیت کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز طلب کریں۔

سماعت سے محروم بہت سے لوگ سماعت کے آلات استعمال کرتے ہیں۔ معلوم کریں کہ آیا وہ شخص کوئی آلا استعمال کر رہا ہے اور پوچھیں کہ آپ کیسے اسے استعمال کرنے میں ان کی مدد کر سکتے ہیں۔

صبر کریں،پر اعتماد اور پر سکون رہیں۔

# ان لوگوں سے بات چیت کرنا
# جن کو بینائی کی کمی ہو

**اپنا تعارف کریں**- ہر کوئی آوازوں کو نہیں پہچانتا یا انہیں یاد نہیں رکھتا۔

**چیخیں مت**۔ بصارت سے محروم یا نابینا ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ واضح طور پر نہیں سن سکتے۔

**جب آپ جانے والے ہوں تو لوگوں کو بتائیں**۔ کسی ایسے شخص کو نہ چھوڑیں جو اندھا ہو اور خود سے بات کر رہا ہو۔

**ہاتھ کے اشاروں سے پرہیز کریں** کیونکہ اگر وہ اچھی طرح نہیں دیکھ سکتے ہیں تو سمتوں اور اشاروں کو سمجھنا مشکل ہو سکتا ہے۔

**دیکھیں یا "دیکھو" جیسے الفاظ کی فکر نہ کریں**۔ بصارت سے محروم لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ الفاظ باقاعدہ گفتگو کا حصہ ہیں۔

**نابینا شخص کو نہ دھکیلیں، نہ کھینچیں یا پکڑیں**۔

**مدد کے لئے اپنا بازو پیش کریں**۔ پوچھیں کہ وہ رہنمائی کو کس طرح ترجیح دیتا ہے۔

اگر اس شخص کے پاس گائیڈ کتا ہے تو **کتے کے ساتھ بات کرنے یا کھیلنے سے گریز کریں**۔ کبھی بھی کسی خدمتی کتے کو کھانا نہ کھلائیں, ماریں نہیں اور نہ ہی ہدایت کریں جب تک کہ وہ ہارنس یا واسکٹ پہنے ہوئے ہوں: وہ مدد کے لیے موجود ہیں اور پالتو نہیں ہیں۔



# سرٹیفیکیٹ

نے بنیادی موبائل انٹرنیٹ مہارتوں کی
ٹریننگ مکمل کر لی ہے

تاریخ

دستخط



# سرٹیفیکیٹ

نے بنیادی موبائل انٹرنیٹ مہارتوں کی
ٹریننگ مکمل کر لی ہے

تاریخ

دستخط